سوال

(597) سجدہ میں ایڑھیاں ملانے سے پاؤں کی انگلیاں مڑجائیں تو؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سجدہ کی حالت میں ایڑھیاں ملائی جائیں تو دونوں پاؤں کی ساری انگلیاں قبلہ رُخ نہیں رہتیں۔ بلکہ چھوٹی انگلیاں زمین کی طرف ہوجاتی ہیں اور پاؤں کے پنجے کے قریب والے حصے بھی آپس میں مل جاتے ہیں۔ کیا اس طرح سجدہ سنت کے مطابق ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سجدہ میں ایڑھیاں ملانے سے اگر چھوٹی بعض انگلیاں زمین کی طرف مڑ بھی جائیں، تو کوئی حرج نہیں۔

لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا (البقرۃ: ۲۸۶) بلاریب یہ سجدہ سنت کے مطابق ہی ادا ہوگا۔

''أَحَبُّ الدِّينِ إِلَى اللهِ اَلْحَنِيفِيَّةُ السَّمْحَةُ وَخَيْرُ دِينِكُمْ أَيْسَرُهُ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّينِ مِنْ حَرَجٍ'' کا تقاضا یہی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 525

محدث فتویٰ